پر مشتمل ہے زبان شستہ اور انداز بیان دلچسپ اور دلنشین ہے ، یہ مجموعہ لا محدود معلومات کا خزینہ اور علوم و معارف کا گنجینہ ہے۔ ہر بات مدلل قرآن وسنت کی روشنی میں نہایت عام انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔حسن ترتیب پر انکے تلامذہ قابل صد تحسین ہے اور مکتبہ الارشاد کراچی کے جناب محمد حسین ڈیسائی صاحب بھی لائق صد تحسین اور قابل داد ہے کہ انہوں نے اس کتاب کو نہایت ہی اعلیٰ اور خوبصورت طباعت کے ساتھ مزین کر کے اہل علم کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ اہل علم کے یہ ایک انمول تحفہ سے کم نہیں خاص کر خطباء کیلئے قیمتی سوغات ہے۔اللہ تعالیٰ مؤلف،مرتب اورناشر کتاب ترقیات سے نوازے۔

- **فوائد مکیہ مع حواشی مرضیہ** مؤلف:مولانا قاری عبدالرحمٰن مکیؒ ضخامت:۱۱۷صفحات

ناشر: زمزم پبلشرز،شاہ زیب سنٹر نزد مقدس مسجد، اردو بازار کراچی 021-32729089

فن تجوید کی یہ مشہور کتاب عرصہ دراز سے دینی مدارس میں پڑھائی جارہی ہے اور مدت دراز سے مختلف ادرادے اسے شائع بھی کررہے ہیں مگر اس دفعہ احباب زمزم نے اسے نئے آب وتاب کے ساتھ شائع کر کے طلبا کے مزید استفادے کے لئے قاری رضوان پالنپوری صاحب کی ذیلی عنوانات بھی اس میں شامل کردی گئی اور حواشی پر قاری محبّ الدین صاحب کے حوالہ جات کا اندراج بھی شامل کیا گیا ہے۔ جوطلبہ تجوید کے لئے ایک انمول تحفہ اور قیمتی سوغات ہے۔

- **جمال القران** .... مولف: مولانا اشرف علی تھانویؒ

حاشیہ:مولانا محمد یامینؒ ضخامت:۴۵صفحات

مدت دراز سے دینی مدارس کے نصاب میں شامل یہ کتاب مولانا اشرف تھانویؒ کے اہم تصنیفات میں سے ایک ہے جوطلبہ تجوید کے لئے لکھی گئی ہے، زمزم پبلشرز نے مفید حواشی کے ساتھ شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے طلبہ تجوید کیلئے ایک مفید مجموعہ اور ایک بہترین تحفہ ہے۔

زمزم پبلشرز،شاہ زیب سنٹر نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی 021-32729089

- **حدیقۃ النحو اردو شرح تسہیل النحو** .... تالیف: مولانا محمد ہارون ہاشم صاحب

ضخامت: ۲۶۴صفحات ناشر: دارالاشاعت اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان

ہمارے درس نظامی کی اصل بنیاد عربی قواعد یعنی صرف ونحو کی پختگی پر ہے اور اس بنیاد و مقصد کی طرف علماء کرام، ومدرسین کرام نے تدریس کے دوران متنوع طریقہ کار کو اپنایا ہے اور اپنے اپنے طریقہ کار سے طلباء کرام کو سمجھاتے ہیں، چاہے وہ درس کا انداز ہو یا تحریر کا اسلوب تا کہ طلبہ کی استعداد میں کافی